Date	Edition	Publication	Page no.
27th August 2014	New Delhi	Roznama Sahara(Urdu)	03

انتخابی نتائج کے اعداد وشمار دلچسپ سماجی مطالعہ : ایس وائی قریشی

نئی دھلی: کانسٹی ٹیوشن کلب میں انڈیاالیکٹس کا اجرا کرتے ہوئے سابق چیف الیکشن کمشنر ڈاکٹر وائی ایس قریشی۔(تصویر: ایس این بی)

نئی دھلی (ایس این بی)

سابق چیف الیکشن کمشنر ڈاکٹر ایس وائی قریشی نے کہا ہے کہ ہندوستان کا الیکشن کمیشن ایک بڑی ڈاٹا فیکٹری ہے لیکن اس کے ذریعہ جاری کیے گئے اعداد وشمار کی کیا اہمیت ہے کا جائزہ ہمارے ماہرین ہی بخوبی لے سکتے ہیں۔ ڈاکٹر ایس وائی قریشی سولہویں لوک سبھا کے انتخابات کے اعداد وشمار پر محیط کتاب انڈیاالیکٹس 2014 کا اجرا کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اعداد وشمار کا جائزہ مدلل اور ٹھوس نہ ہوتو گمراہ کن ہوسکتا ہے۔ ہندوستان کا الیکشن کمیشن نہ صرف یہ کہ غیر جانبدارانہ انداز سے انتخابات کراتا ہے بلکہ وہ عوام کو بیدار بھی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کی بیداری مہم کی وجہ سے عوام کا رجحان بدلا اور ووٹ دینا فیشن ایبل بن گیا، جبکہ اس سے قبل مشہور اور اعلیٰ طبقہ کے لوگ ووٹ ڈالنے سے اجتناب کرتے تھے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ڈاٹا نیٹ انڈیا کے ڈاکٹر آر کے ٹھکرال نے کہا کہ ہندوستان ایک عظیم ملک ہے اس مرتبہ کے عام انتخابات میں سب سے زیادہ 61 خواتین کامیاب ہوکر پارلیمنٹ میں آئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سولہویں لوک سبھا میں غیر معمولی طور پر دلچسپ رجحان سامنے آئے ہیں اور ان کا مطالعہ بڑا دلچسپ ہے۔ انڈیا الیکٹس میں انتخابات کا تقابلی موازنہ کیا گیا ہے اور 2014 کے الیکشن کا کئی زاویوں سے مطالعہ کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا تعارف ڈاکٹر پرانوائے اور ڈاکٹر آر کے ٹھکرال نے لکھا ہے۔